© rasailojaraid.com

رضی اللہ عنہم کس زمرہ میں شمار ہوں گے۔

میرے خیال میں صحیح مفہوم یہ ہے کہ اسلام کی ابتداء بالکل اجنبی، غیر مانوس ماحول اور معاشرے میں ہوئی اور اسلام اور مسلمانوں کو اجنبی سمجھا گیا۔ اسی طرح آخری دور میں لوگ اسلام سے اتنے غافل ہو جائیں گے کہ اسلام پھر اجنبی بن کر رہ جائے گا۔

افسوس ہے کہ اس کتاب میں کتابت کی خاصی غلطیاں رہ گئی ہیں۔

---

**سورۃ البقرہ (سلسلہ اشاعت: آسان ترجمہ قرآن مجید)**

ناشران: ۱۔ مسلم اکادمی، محمد نگر لاہور ۲۔ پاک مسلم اکادمی، الفضل مارکیٹ، ۱۷۔ اردو بازار لاہور۲

سائز ۲۷×۱۷ صفحات: ۲۸۰، سفید کاغذ، قیمت قسم اعلیٰ: ۲۴/- روپے عام ۲۱/- روپے

حافظ نذر احمد صاحب کی علمی دُنیا کی اس تالیف کا ایک منفرد کارنامہ یہ ہے کہ آپ نے سورہ البقرہ کے آخر میں اس سورۃ کے تمام مادہ ہائے افعال مرتب کر دیئے ہیں —— صرف یہی نہیں بلکہ پورے قرآن مجید کے مادہ ہائے افعال (مجرد اور ثلاثی مزید فیہ) کے دو چارٹ دو رنگوں میں حروف ابجد کی ترتیب کے ساتھ پیش کئے ہیں۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ الگ الگ ترجمہ ہے۔

اعراب اور کتابت کی چند اغلاط ضرور ہیں۔ امید ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں انہیں درست کر لیا جائے گا۔

---

**یادوں کے خطوط** مرتب: محمد یونس ناشر: اسلامی مکتبہ، حیدر آباد (دکن) ہندوستان

ضخامت: ۱۲۸ صفحات سائز: ۲۲×۱۸

محمد یونس صاحب حیدر آباد دکن سے تحریک اسلامی کے قدیمی رفقاء اور رہنماؤں میں سے ایک ہیں۔ اچھے منتظم اور صاحب قلم بھی ہیں۔ یونس صاحب نے اس طویل جدوجہد کے دوران میں مشاہیر خصوصاً جماعت اسلامی سے متعلق رہنماؤں کے چند اُن قیمتی خطوط کو یکجا کر دیا ہے جو

© rasailojaraid.com